2165-وضوء کی دعائیں

سوال

وضوء کرتے وقت اور وضوء کے بعد کونسی دعاء مستحب ہے ؟

پسندیدہ جواب

وضوء کرنے کا شرعی طریقہ یہ ہے کہ :

برتن سے اپنے ہاتھوں پر تین بار پانی بہایا جائے، اور پھر برتن میں دایاں ہاتھ داخل کر کے تین بار کلی کرے اور ناک میں پانی ڈال کر ناک جھاڑے، پھر تین بار چہرہ دھوئے، اور دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے، پھر اپنے سر اور کانوں کا ایک بار مسح کرے، پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک تین بار دھوئے اور اگر سارے اعضاء دو دو بار، یا ایک ایک بار بھی دھوئے تو کافی ہے.

پھر وضوء کرنے کے بعد درج ذیل دعائیں پڑھے :

أشھد أن لاإلہ إلا اللہ وحدہ لاشریک لہ وأشھد أن محمداً عبدہ ورسولہ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالی کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں.

اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطھرین

اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں میں شامل فرما.

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (231/5).

لیکن وضوء کرنے سے قبل صرف بسم اللہ پڑھی جائیگی، کیونکہ حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے بسم اللہ نہ پڑھی اس کا وضوء ہی نہیں"

سنن ترمذی حدیث نمبر (56).

واللہ اعلم.